PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

شاہین شاہ آفریدی نے کیرئیر کی بہترین رینکنگ حاصل کرلی

راولپنڈی، 4 نومبر 2020ء:

قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی نے آئی سی سی ون ڈے پلیئرز رینکنگ میں اپنے کیرئیر کی بہترین رینکنگ حاصل کرلی ہے۔آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ اس نئی درجہ بندی کے تحت محدود طرز کی کرکٹ میں پاکستان کے کپتان بابراعظم کا دوسری پوزیشن سے فاصلہ مزید کم ہوگیا ہے۔

زمبابوے کے خلاف سیریز کے پہلے میچ میں 49 رنز کے عوض 5 وکٹیں حاصل کرنے والے شاہین شاہ آفریدی عالمی رینکنگ میں 8 درجہ ترقی پاکر 16ویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔ان کے علاوہ ٹاپ ٹونٹی باؤلرز میں شامل پاکستان کے دوسرے کھلاڑی محمد عامر ہیں جوآٹھویں پوزیشن پر موجود ہیں۔

سیریز میں پانچ وکٹیں حاصل کرنے والے وہاب ریاض بھی چھ درجہ ترقی پاکر 60ویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔ سیریز کے آخری میچ میں پانچ وکٹیں حاصل کرنے والے فاسٹ باؤلر محمد حسنین 202ویں پوزیشن سے 120 ویں پوزیشن پر آگئے ہیں۔

جاری کردہ اس نئی عالمی رینکنگ میں پاکستان کے دیگر باؤلرز میں شاداب خان کا 30واں، عماد وسیم کا 40واں، عثمان شنواری کا44واں اور حسن علی کا 49واں نمبر ہے۔

اس فہرست میں نیوزی لینڈ کے ٹرینٹ بولٹ پہلے،بھارت کے جسپریت بمرا دوسرے اورافغانستان کے مجیب الرحمٰن تیسرے نمبر پر براجمان ہیں۔

بلے بازوں کی عالمی رینکنگ میں گوکہ بابراعظم تیسری پوزیشن پر برقرا ر ہیں تاہم زمبابوے کے خلاف سیریز میں 221 رنز بنانے والے بابراعظم کے پوائنٹس کی تعداد 837 ہوگئی جوکہ گزشتہ رینکنگ کی نسبت 8پوائنٹس کا اضافہ ظاہر کررہی ہے۔ بھارت کے روہت شرما ان سے 18 پوائنٹس زیادہ حاصل کرکے رینکنگ میں دوسرے نمبر پر موجود ہیں۔ اس فہرست میں پہلا نمبر بھارت کے ویرات کوہلی کا ہے جن کے پوائنٹس کی تعداد 871 ہے۔

آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ اس نئی عالمی رینکنگ میں پاکستان کے دیگر بلے

بازوں میں امام الحق کا 12واں ، فخر زمان کا 18واں اور حارث سہیل کا33واں نمبر ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4